Cambridge O Level

Cambridge International Examinations
Cambridge Ordinary Level

FIRST LANGUAGE URDU **3247/02**

Paper 2 Texts **May/June 2017**

READING INSERT

2 hours

9704600627-I

READ THESE INSTRUCTIONS FIRST

The Reading Insert contains the reading passages for use with **Question 1** on the Question Paper.

You may annotate this Reading Insert and use the blank spaces for planning.

This Reading Insert is **not** assessed by the Examiner.

ان ہدایات کو پہلے غور سے پڑھیے

ریڈنگ کے کتابچے میں اقتباس دیا گیا ہے جو کے پیپر میں **سوال نمبر ایک** کے ساتھ استعمال کرنا ہے۔

آپ ریڈنگ کے کتابچے میں دیے گئے اقتباس پر نشان لگا سکتے ہیں اور خالی جگہوں کو اپنی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

ریڈنگ کے کتابچہ میں دیے گئے اقتباس کو ممتحن چیک **نہیں** کریں گے۔

This document consists of **2** printed pages.

DC (LK/AO) 135236/1
© UCLES 2017

CAMBRIDGE International Examinations

[Turn over

https://xtremepape.rs/

ٹیکسٹ کو غور سے پڑھیے اور پھر سوال نمبر ایک کا جواب پیپر پر لکھیے۔

ہم مسلمانوں میں اتحاد کی بنیاد کو واضح کرنے کے ساتھ ہی یہ بتا چکے ہیں کہ اتحاد پہلے احساس میں ہوتا ہے پھر عمل میں اپنا اظہار کرتا ہے۔ چنانچہ اتحاد کوئی ایسی چیز نہیں جو کوشش اور کاوش سے حاصل ہو بلکہ خون کے رشتوں کی طرح ایک کیفیت کا بے ساختہ اظہار ہے۔ کسی بھی اجتماع کے افراد کے دلوں میں جب تک یہ احساس موجود ہوتا ہے، وہ متحد رہتے ہیں، ورنہ بکھر جاتے ہیں۔ اب آپ پاکستان میں دیکھیے، ہم اتحاد کے لیے کتنا شور مچاتے ہیں۔ لیکن اتحاد، صحرا میں آبِ تازہ کی طرح نایاب ہے، جب کہ تحریکِ پاکستان میں ہم خود بہ خود اس طرح متحد ہو گئے تھے جیسے لوہے کے ذرے مقناطیس سے چمٹ جاتے ہیں۔ تب ایسا کیوں تھا؟ اب ایسا کیوں ہے؟ اس کا جواب دریافت کیے بغیر ہم قلب کی اس کیفیت کو جس نے دس کروڑ فرزندانِ توحید کو ایک جسمِ واحد میں تبدیل کر دیا تھا، دوبارہ حاصل نہیں کر سکتے۔ ابھی ہم نے اتحاد کی مثال کے طور پر خون کے رشتوں کا ذکر کیا تھا۔ لیکن کیا خون کے رشتوں میں بھی افتراق نہیں پیدا ہوتا؟ آپ دیکھتے ہیں کہ بھائی بھائی دشمن ہو جاتے ہیں اور باپ بیٹے میں اَن بَن ہو جاتی ہے۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ وہ کون سی چیزیں ہیں جو احساس کی اتنی مضبوط بنیادوں کو منہدم کر دیتی ہیں؟ اگر ہم اس سوال کا جواب دریافت کر لیں تو شاید ہم یہ معلوم کر سکیں گے کہ پاکستان میں عدمِ اتحاد کی موجودہ صورتِ حال کیوں پیدا ہوئی ہے۔

انسان میں اتحاد کی بنیاد روحانی اور افتراق کی بنیاد مادی ہوتی ہے بلکہ مادہ نام ہی ایسی حقیقت کا ہے جو تقسیم در تقسیم ہوتی چلی جاتی ہے۔ خون کے رشتوں میں افتراق کس بات سے پیدا ہوتا ہے؟ مادی اغراض سے جائیداد، روپیہ، پیسہ، مکان اور ملکیت، یہی تو وہ چیزیں ہیں جو افتراق کی بنیاد بنتی ہیں۔ بھائی بھائی انہی کی وجہ سے تو ایک دوسرے کے دشمن بن جاتے ہیں۔ یہی مادی اغراض ایک خاندان کے افراد کی طرح ایک قوم کے افراد کو بھی ایک دوسرے سے الگ کرتی ہیں اور اُن کے درمیان محبت کے بجائے منافرت، ہمدردی کے بجائے مغائرت اور اتحاد کے بجائے افتراق پیدا کرتی ہیں۔

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.

https://xtremepape.rs/